اُردو (لازمی)	(1st A 125) سیکنڈری سکول پارٹ I (نہم)	پرچہ: I	پہلا گروپ
وقت: 2:10 گھنٹے	انشائی		مارکس: 60

حصہ اول

2 - حصہ نظم میں سے کوئی تین اور حصہ غزل میں سے کوئی دو اشعار کی تشریح کیجیے۔ (6+4 = 10)

حصہ نظم

(2x3 = 6)

i - تُو ہی نظر آتا ہے ہر شے پہ محیط اُن کو ..... جو رنج و مصیبت میں کرتے ہیں گِلہ تیرا

ii - سُنی ہم نے طوطی و بلبل کی باتیں ..... ترا تذکرہ ہے، تری گفتگو ہے

iii - ملّت کے ساتھ رابطۂ اُستوار رکھ ..... پیوستہ رہ شجر سے، اُمیدِ بہار رکھ!

iv - سب مست ہو رہے ہیں پہچان تیری قدرت ..... تیتر پُکارتے ہیں سُبحان تیری قدرت

حصہ غزل

(2x2 = 4)

i - بار بار اُس کے در پہ جاتا ہوں ..... حالت اب اضطراب کی سی ہے

ii - رُخ و زلف پر جان کھویا کیا ..... اندھیرے اجالے میں رویا کیا

iii - دن زندگی کے ختم ہوئے شام ہو گئی ..... پھیلا کے پاؤں سوئیں گے کُنجِ مزار میں

حصہ دوم

3 - درج ذیل نثر پاروں کی تشریح کیجیے، سبق کا عنوان، مصنف کا نام اور خط کشیدہ الفاظ کے معانی بھی لکھیے۔ (5 x 2 = 10)

(الف) تشریف آوری کی خبر مدینے میں پہلے پہنچ چکی تھی۔ تمام شہر ہمہ تن چشمِ انتظار تھا۔ معصوم بچے فخر اور جوش میں کہتے پھرتے تھے کہ پیغمبر خاتَمُ النّبیّن ﷺ آرہے ہیں۔ لوگ ہر روز تڑکے سے نکل نکل کر شہر کے باہر جمع ہوتے اور دوپہر تک انتظار کر کے حسرت کے ساتھ واپس چلے آتے۔

(ب) جب دوسروں سے مدد ملنے کی توقع منقطع ہو گئی تو میں نے دل میں سوچا کہ چلو ان گارڈ صاحب سے ہی پوچھیں۔ میں کھڑا ہو گیا۔ وہ آئے میں نے دریافت کیا کہ جناب اس دوسرے سوال کا کیا جواب ہے؟ وہ مسکرائے اور کہا کہ "مجھے معلوم نہیں۔"

(ورق اُلٹیے)

4 - درج ذیل سوالات میں سے کسی پانچ کے مختصر جوابات تحریر کیجیے۔ (10)

i - مضمون نگار نے کون سا امتحان دیا اور اس کا نتیجہ کیا نکلا؟

ii - شاعر نے اپنی کشتِ سخن کے بارے میں کیا کہا ہے؟ (بحوالہ غزل)

iii - "آرام و سکون" ڈرامے سے ہمیں کیا سبق ملتا ہے؟

iv - ناول کسے کہتے ہیں؟

v - سلیم میاں، علی بخش پر کیوں برہم ہوئے؟

vi - شریف زادے کی غزل سُن کر سودا نے کیا کہا؟

vii - تیتر اللہ تعالیٰ کی عظمت کیسے بیان کرتے ہیں؟ (بحوالہ نظم)

viii - مرزا غالب کیسے اخلاق کے مالک تھے؟

5 - درج ذیل میں سے کسی ایک نصابی سبق کا خلاصہ لکھیے۔ (5)

(الف) مرزا غالب کے عادات و خصائل (ب) لہو اور قالین

6 - نصاب میں شامل نظم "حمد" کا مرکزی خیال یا خلاصہ لکھیے اور شاعر کا نام بھی لکھیے۔ (5)

7 - اپنے سکول کے سربراہ (ہیڈ ماسٹر/ہیڈ مسٹریس/پرنسپل) کے نام رخصتِ بیماری کی درخواست لکھیے۔ (10)

یا

مالک مکان کے نام خط لکھیے جس میں اُسے مکان کی مرمت کی طرف توجہ دلائیے۔

8 - "انگور کھٹے ہیں" کے عنوان سے کہانی تحریر کیجیے۔ (5)

یا

دکاندار اور خریدار کے درمیان خریداری کرتے ہوئے مکالمہ تحریر کیجیے۔

9 - درج ذیل جملوں کی درستی کیجیے۔ (5)

i - میں نے کتاب پڑھنا ہے۔

ii - حمزہ نے خط کو لکھا۔

iii - طبیعت نے چاہا تو چلا جاؤں گا۔

iv - دل نے چاہا تو ضرور آؤں گا۔

v - کمر کو باندھنا۔

یا

درج ذیل ضرب الامثال کی تکمیل کیجیے۔

i - بکرے کی ماں __________

ii - حاکمِ مرگ __________

iii - سانچ کو __________

iv - ظلم کی ٹہنی __________

v - جیسا دیس __________

رول نمبر امیدوار: ____________

اُردو (لازمی)	(1st A 125-I) سیکنڈری سکول پارٹ I (نہم)	پرچہ: I	دوسرا گروپ
وقت: 20 منٹ	Code: 5022 معروضی		مارکس: 15

سوال نمبر 1

ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات A، B، C اور D دیئے گئے ہیں۔ جوابی کاپی پر ہر سوال کے سامنے دیئے گئے دائروں میں سے درست جواب کے مطابق متعلقہ دائرہ کو مارکر یا پین سے بھر دیجیے۔ ایک سے زیادہ دائروں کو پُر کرنے یا کاٹ کر پُر کرنے کی صورت میں مذکورہ جواب غلط تصور ہوگا۔

نمبر شمار	Questions / سوالات	A	B	C	D
1	''بھئی! میرے نزدیک تو آم میں صرف دو باتیں ہونی چاہئیں، میٹھا ہو اور بہت ہو''، یہ کس نے کہا تھا؟	بہادر شاہ ظفر	مرزا غالب	مولانا فضل حق	نواب مصطفیٰ خان
2	سر سید احمد خاں نے اُردو میں کس صنف کو رواج دیا؟	افسانہ	ڈرامہ	مضمون	ناول
3	گنجفہ سے مراد ہے	شطرنج	کرکٹ	ہاکی	تاش کا کھیل
4	خالہ نے اپنی ساری جائیداد بھانجے جمن کے نام لکھ دی تھی، اس بات کو کتنے سال ہوئے تھے؟	دو	تین	چار	پانچ
5	والد صاحب قبلہ خوش تھے کہ بیٹے کو قانون کا شوق ہو چلا ہے۔ بڑے بڑے ______ کے کان کترے گا۔	وکیلوں	ججوں	مؤکلوں	گاہکوں
6	سنا ہے کوہ ہمالیہ کے دامن میں کہیں کہیں بُلبل ملتی ہے لیکن کوہ ہمالیہ کے دامن میں ______ نہیں ملتے۔	موسیقار	سازندے	شاعر	کوے
7	مہمان کی خاطر چائے کے لیے دوڑ دھوپ شروع ہوگئی تو آخر چائے کس کے گھر سے مل گئی؟	چودھری	دُکاندار	علی بخش	مقامی حکیم
8	شاعر امیر مینائی کی حضور خاتم النبیین ﷺ کی راہ میں مر کر خاک ہو جانے میں بھی ہے	آبرو	سربلندی	اونچائی	خوشی
9	زر کامل عیار سے خالی ہے	آستینِ گل	برگِ گل	جیبِ گل	گلِ لالہ
10	چشمِ دل اُس عالم پر کھولنے سے یاس کی اوقات میر کو کس کی مانند دکھائی دیتی ہے؟	گلاب	خواب	اضطراب	کباب
11	لفظ ''عاشق'' کی جمع ہے	عشقیہ	عشوق	عاشقین	عشّاق
12	لفظ ''نقیب'' کی جمع ہے	نقبا	نقابت	نقیبت	نقاب
13	مترادف الفاظ کی درست فہرست ہے	شجر ــ دیار	نخل ــ نہال	جلیس ــ رقیب	دوست ــ حریف
14	''گھسیارن'' کا مذکر ہے	گھسیاری	گھسیاریا	گھسیارا	گھسیار
15	لفظ ''مغل'' کی مؤنث ہے	مغلیہ	مغیلہ	مغلاں	مغلانی

اُردو (لازمی)	سیکنڈری سکول پارٹ I (نہم) (1st A 125)	پرچہ: I	دوسرا گروپ
وقت: 2:10 گھنٹے	انشائی		مارکس: 60

حصہ اول

2 - حصہ نظم میں سے کوئی تین اور حصہ غزل میں سے کوئی دو اشعار کی تشریح کیجیے۔ (6+4 = 10)

حصہ نظم

(2x3 = 6)

i - قبضہ ہو دلوں پر کیا اور اِس سے سوا تیرا ...... اک بندۂ نافرماں ہے حمد سرا تیرا

ii - یہاں ہے ظہور اور وہاں نُور تیرا ...... مکاں میں بھی تُو، لامکاں میں بھی تُو ہے

iii - جنگلوں میں ہو رہے ہیں پیدا ہرے بچھونے ...... بچھوا دیے ہیں حق نے کیا کیا ہرے بچھونے

iv - جو نغمہ زن تھے خلوتِ اوراق میں طیور ...... رخصت ہوئے ترے شجرِ سایہ دار سے

حصہ غزل

(2x2 = 4)

i - میرؔ اُن نیم باز آنکھوں میں ...... ساری مستی شراب کی سی ہے

ii - زنخداں سے آتشؔ محبت رہی ...... کنویں میں مجھے دل ڈبویا کیا

iii - مَیں نے مانا کہ کچھ نہیں غالبؔ ...... مفت ہاتھ آئے، تو بُرا کیا ہے

حصہ دوم

3 - درج ذیل نثر پاروں کی تشریح کیجیے، سبق کا عنوان، مصنف کا نام اور خط کشیدہ الفاظ کے معانی بھی لکھیے۔ (5x2 = 10)

(الف) باوجودیکہ مرزا کی آمدنی اور مقدور بہت کم تھا، مگر خودداری اور حفظِ وضع کو وہ کبھی ہاتھ سے نہ جانے دیتے تھے۔ شہر کے امرا و عمائد سے برابر کی ملاقات تھی۔ کبھی بازار میں بغیر پالکی یا ہوادار کے نہ نکلتے تھے۔ عمائدِ شہر میں سے جو لوگ ان کے مکان پر آتے تھے، یہ بھی ان کے مکان پر ضرور جاتے۔

(ب) بارش ہوتی ہے تو کوّے نہاتے ہیں اور حفظانِ صحت کے اصولوں کا ذرا خیال نہیں رکھتے۔ کوّا سوچ بچار کے قریب نہیں پھٹکتا۔ اس کا عقیدہ ہے کہ زیادہ فکر کرنا اعصابی بنا دیتا ہے۔ کوّے سے ہم کئی سبق سیکھ سکتے ہیں۔ کوّا بڑی سنجیدگی سے اُڑتا ہے، بالکل چونچ کی سیدھ میں۔

(ورق اُلٹیے)

4 - درج ذیل سوالات میں سے کسی پانچ کے مختصر جوابات تحریر کیجیے۔ (10)

i - سُراقہ بن جعشم کو کس نے کس پر فرمانِ امن لکھ کر دیا؟

ii - سبق "مرزا غالب کے عادات و خصائل" کس کتاب سے لیا گیا ہے؟

iii - اگر انسان اپنے دلی قویٰ کو بے کار چھوڑ دے تو کیا نتیجہ نکلتا ہے؟

iv - ڈراما "لہو اور قالین" کے کرداروں کے نام تحریر کیجیے۔

v - مضمون نگار کے مطابق امتحان کی کون سی دو صورتیں ہیں؟

vi - اگر شجر کی ڈالی خزاں کے موسم میں ٹوٹ کر علیحدہ ہو جائے تو کیا نتیجہ نکلتا ہے؟

vii - قافیہ کی تعریف کیجیے۔

viii - غالبؔ نے مقطع میں محبوب کو اپنی کیا قیمت بتائی ہے؟

5 - درج ذیل میں سے کسی ایک نصابی سبق کا خلاصہ لکھیے۔ (5)

(الف) کاہلی (ب) امتحان

6 - نصاب میں شامل نظم "پیوستہ رہ شجر سے اُمیدِ بہار رکھ" کا مرکزی خیال یا خلاصہ لکھیے اور شاعر کا نام بھی لکھیے۔ (5)

7 - اپنے سکول کے سربراہ (ہیڈ ماسٹر / ہیڈ مسٹریس / پرنسپل) کے نام فیس معافی کی درخواست لکھیے۔ (10)

یا

اپنے استاد کے نام خط لکھیے جس میں اپنی کسی مشکل کے لیے مدد مانگیے۔

8 - "سچ کی برکت" کے عنوان پر کہانی لکھیے۔ (5)

یا

ہوٹل منیجر اور گاہکوں کے درمیان ہونے والا مکالمہ لکھیے۔

9 - درج ذیل جملوں کی درستی کیجیے۔ (5)

i - طارق کو اخبار خریدا۔

ii - اُسامہ نے بچہ کو اُسکی ماں کو دیا۔

iii - رقیہ نے کھانا کو پکایا۔

iv - مردوں نے کہا ہم آگیا ہے۔

v - میں بدنصیب نے یہ نہیں کیا تھا۔

یا

درج ذیل ضرب الامثال کی تکمیل کیجیے۔

i - اکیلا چنا کیا ______ پھوڑے گا۔

ii - بلی کے بھاگوں ______ ٹوٹا۔

iii - تالی ______ نہیں بجتی۔

iv - سدا ناؤ ______ کی نہیں بہتی۔

v - قاضی کے گھر کے ______ بھی سیانے۔